Pratham

خبریں اخبارات کا اہم حصّے ہوتے ہیں
ایک اخبار کئی مضامین کا حصہ ہوتا ہے

خبروں کے حصّے

اہم سرخی

جوروٹ اور روری برنس کی ذمہ دارانہ بیاٹنگ۔ انگلینڈ 119/3

دوسری سرخی

محمد سراج 2 واور سمیع نے ایک وکٹ لی' پہلی انگ میں ہندوستان 364 پر آوٹ

تصویر

بائی لائن
ذرائع ابلاغ

لندن 13 ۔ اگست (پی ٹی آئی)

متن

انگلینڈ نے ہندوستان کے خلاف دوسرے کرکٹ ٹیسٹ کے دوسرے دن لڑکھڑا کر سنبھل گیا۔ کھیل کا وقت ختم ہونے پر انگلش ٹیم 3 وکٹ کے نقصان پر 119 رن بنا چکی ہے۔ کپتان جو روٹ 48 اور جانی برسٹو 6 رن بنا کر کریز پر موجود ہے۔ ڈومنک سلی 11 رن بنا کر محمد سراج کا پہلا شکار بنے۔ ان کے آوٹ ہونے کے بعد حسیب حمید بھی سراج کی گیند پر کلین بولڈ ہوگئے۔ ان دونوں کے آٹھ ہونے کے بعد کپتان جوروٹ اور روری برنس نے ٹیم کی باری کو سنبھالا اور ایک سو آٹھ رن تک پہنچایا۔ روری برنس محمد سمیع کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔ برنس کے آوٹ ہونے کے بعد جانی بیرسٹو جوروٹ کا ساتھ دینے آئے اور دونوں نے کھیل کا ختم ہونے تک انگلینڈ کو محفوظ رکھا۔ اس سے پہلے ہندوستان نے انگلینڈ کے خلاف دوسرے کرکٹ ٹسٹ کے دوسرے دن 364 رن بنا کر آوٹ ہوگئی ۔ کے ایل راہول اور روہت شرما نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی ٹیم کو مستحکم موقف میں پہونچایا اور انگلینڈ کے سامنے ایک چیالنجنگ اسکور کھڑا کیا۔ کے ایل راہول نے شاندار سنچری (129 رن) اسکور کئے۔ انہوں نے 12 چوکے اور ایک چھکہ لگایا۔ کپتان ویراٹ کوہلی 103 گیندوں میں 3 چوکوں کی مدد سے 42 رن بنا کر آوٹ ہوگئے ۔ وکٹ کیپر رشبھ پنت نے بھی کچھ رنز اسکور کئے۔ انہوں نے 58 گیندوں میں 5 چوکوں کی مدد سے 37 رن اسکور کئے۔ آل راؤنڈر رویندر جڈیجہ اپنی ٹیم کے اسکور کو 300 رن سے آگے پہونچانے میں اہم رول ادا کیا' انہوں نے 120 گیندوں میں 3 چوکوں کی مدد سے 40 رن اسکور کئے ۔ نائب کپتان اجنکیا رہانے نے صرف ایک رن اسکور کیا۔ محمد سمیع صفر پر آوٹ ہوگئے ۔ ایشانت شرما جو سیریز میں اپنا پہلا ٹسٹ کھیل رہے ہیں 29 گیندوں میں ایک چوکے کی مدد سے صرف 8 رن اسکور کئے ۔ جسپریت بمراہ بھی صفر پر پویلین لوٹ گئے ۔ محمد سراج صفر پر ناٹ آوٹ رہے ۔ انگلینڈ کی طرف سے جیمس اینڈرسن سب سے کامیاب بولر رہے انہوں نے 29 اوورس میں 7 میڈن کے ساتھ 62 رن پر 5 کھلاڑیوں کو آوٹ کیا ۔ اولی رابنسن نے 33 اوورس میں 10 میڈن کے ساتھ 73 رن پر 2 ' مارک ووڈ 24 اوورس میں 2 میڈن کے ساتھ 91 رن پر 2 وکٹیں لیں۔ معین علی نے 18 اوورس بولنگ کیں اور ایک میڈن اوور کے ساتھ 53 رن دے کر ایک کھلاڑی کو آوٹ کیا۔